لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الاول سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۳

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	رخصت گرداور قانونگوے بلاسپور	۱
۲	اضافہ ڈاکٹر سواران در فہرست شائقین	۲
″	اضافہ ڈاکٹر مسکندہ شائقین	۳
″	اضافہ شوکت علی خان ائمہ و منشی	۴
″	انعام اسامی خلیل الرحمن خان متوفی منصرم چابچ مستقلی انفلوئنس تحصیل ٹانڈہ	۵
″		۶
″	انعام اسامی مظہر حسین خان احمد معاوضہ	۷
″	ہدایت نسبت کارروائی دفعہ ۵۱۲	۸
ضمیمہ	نقشہ نرخنامہ اجناس	۹

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ مبارک علیخان گرداور قانونگوے تحصیل بلاسپور کی رخصت چہ ماہ بعوض ناصر علیخان پسر شار الیہ منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب دستخط عالی کرنل صاحب بہادر افواج - سید سعادت علی ڈاکٹر شفاخانہ سواران و فرسٹ بٹالین وغیرہ کی تنخواہ موجودہ چھیاسٹھ روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا آیندہ اکہتر روپیہ ماہوار تنخواہ اور پندرہ روپیہ ماہوار ہیلتھ الاونس ملیگا -

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب دستخط عالی کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج - سید کاظم علی ڈاکٹر شفاخانہ سکنڈ بٹالین وغیرہ مشاہرہ دار ساٹھ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب دستخط عالی کپتان راجرس صاحب ٹیوٹر صاحبزادہ صاحبان بابو کے پی ورما کلرک مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کا استعفا یکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور ہوا اور اسی تاریخ سے شوکت علیخان اسکاؤٹ کا دس روپیہ ماہوار اضافہ بحیثیت تنخواہ کلرک مذکور سے عمل میں آیا -

حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر
واقع ۷ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

آڈٹ میں منصری جانچ کے کام پر خلیل الرحمن خان مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار ملازم تھے انکا انتقال ہوگیا ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ نے انتظام آیندہ کیلئے جو صورت ظاہر کی ہے اسمین اس عہدہ منصری جانچ کے قائم رہنے کی ضرورت نہیں ظاہر کی ہے یہ انتظام مناسب ہے منظور ہے اس عہدہ کی آیندہ ضرورت نہیں ہے - ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ مثل دیگر آڈٹ کے کام کو اپنی نگرانی و ذمہ داری میں انجام دیں جلد فارم جو سامان برائے جانچ آیا کرے انکی ساتھ تجویز پیشکاران دفاتر و منصرمان کارخانجات ممبر صاحبان بورڈ کے پاس بھیجا کرین - جس اہلمد آڈٹ سے یہ کام لیا جائے وہ ہر مہینہ تبدیل ہوتا رہے - نیاز بہادر خان کی تنخواہ موجودہ میں چار روپیہ ماہوار اور ٹکا سی رام اہلمد کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے سید شاہ ابوالقاسم کا تقرر پندرہ روپیہ ماہوار پر منظور ہے اضافہ اور تقرر کا عمل درآمد یکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء سے کیا جائے نام خلیل الرحمن خان کا صیغہ ملازمت سے خارج کیا جائے احکام تعمیل جاری ہوں اور درج گزٹ ہو - دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

نقل احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

مستقلی
۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک ناظم صاحب بزرگ علی نقل نویس تحصیل ملک ۵ جنوری سنہ حال سے بوجہ ختم مدت امتحانی بعوض کارگذاری مستقل کیا گیا -

موقوفی و تقرر
۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

مظہر حسین خان معاون اہلمد معافی تنخواہ دار دس روپیہ ماہوار کا نام حسب رپورٹ حاکم صاحب محکمہ بوجہ غیر حاضری ملازمت سے خارج کیا گیا ابو عباس علیخان معاون اہلمد مشاہرہ دار چودہ روپیہ اضافہ تین روپیہ بجائے مظہر حسین اور بجائے عباس علیخان نور اکبر علیخان معاون اہلمد مشاہرہ دار تیرہ روپیہ اضافہ دو روپیہ مقرر ہوا امیدوار کا تقرر بجائے اکبر علیخان بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار منظور ہوا

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری کا منشا یہ ہے کہ بعض شہادت ضروری ملزم غیر حاضر کی عدم موجودگی میں قلمبند کیجاوے مثلاً جب بعد چالان ابتدائی مجسٹریٹ کے سامنے ایسا ظاہر ہو کہ ملزم اس مقدمہ کا روپوش ہو گیا ہے پہلے روپوشی ملزم کی شہادت لیجائیگی اور جب ایسی شہادت ملزم کی نسبت گذر جائے تب وہ مجسٹریٹ شہادت بنا بر استغاثہ غیبت ملزم میں قلمبند کیجائیگی اور یہ شہادت اور کارروائی دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری کی ہوگی اور جب ملزم گرفتار ہو کر آئیگا تو جو شہادت ثبوت استغاثہ بکارروائی دفعہ ۵۱۲ [illegible] قلمبند ہوگی اور اگر کارروائی دفعہ ۵۱۲ کا کوئی گواہ فوت یا لاپتہ ہوگیا ہوگا تو [illegible] اسکی شہادت لینے کے بعد وہ شہادت قلمبند شدہ دفعہ ۵۱۲ شامل مثل کیجائیگی [illegible] روپوشی ملزم کا ثبوت نہیں لیا جاتا ہے بلکہ ابتدا ہی سے استغاثہ کی شہادت قلمبند کیجاتی ہے اور اسکو کارروائی دفعہ ۵۱۲ پر محمول کیا جاتا ہے [illegible] نقل شہادت سابقہ اس مقدمہ [illegible] میں پیش کر دیجاتی ہے [illegible] شہادت سابقہ قلمبند کرنے والے مجسٹریٹ کا شامل کیا جاتا ہے جس سے [illegible] شہادت سابقہ [illegible] ثابت ہوتا ہے یہ سب غلط کارروائی ہے [illegible] پولیس [illegible] سرکار کی [illegible] غلطی ہے - لہذا [illegible] فوجداری کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیندہ کارروائی دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری حسب منشا قانون کیجائے [illegible] حکم ہوا کہ ایک نقل روبکار ہذا [illegible] اور ایک نقل [illegible] پولیس صاحب [illegible] صاحب ہوم سکریٹری بہادر [illegible] بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو - دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخ غلہ جات ریاست رامپور ابتدا سنہ ۸ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۱۰۲	۳ ۱۰		۳ ۱	
نخود خالص			۴ ۱	۴ ۱		۴ ۳	
نخود کت آمیز			۴ ۱	۳ ۱۰		۴ ۱۰	
کتہ			۴ ۱	۴ ۱		۵ ۱	
ماش			۶ ۱	۶ ۱		۶ ۱	
مونگ			۵ ۱	۶ ۱		۵ ۱۰	
مکا			۶ ۱	۶ ۱		۶ ۱۰	
جئی			·	۷ ۱		۷ ۱	
گوجئی			·	۵ ۱		۵ ۱	
عدس			·	۳ ۱		·	
ارہر			·	۵ ۱		·	
برنج			۴ ۱۰	۴ ۱۰		۴ ۱۰	
روغن زرد			[illegible]	۱۰		[illegible]	
روغن سیاہ			[illegible]	[illegible]		۶ ۱۰	
روغن کنجد			[illegible]	[illegible]		۲ ۱	
نمک سانبھر			۱۲ ۱۰	۹ ۱۰		۱۱ ۱۰	
نمک لاہوری			۶ ۱۰	۵ ۱		۷ ۱	
قند سیاہ			۳ ۱۰	۳ ۱		۳ ۱	
باجرہ			۵ ۱	۵ ۱۰		·	[illegible]